

# حج



## کا آسان طریقہ

(حج کے پانچ دن مع ضروری دعائیں)


جامع ومرتب مولانا محمّد شریف احمد مظاہری قاسمی

ادارۂ انوار المدارس ٹرسٹ حیدرآباد 09440856251


## حج کی نیت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْحَجَّ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ

ترجمہ: اۓ اللہ میں حج کی نیت کرتا ہوں، پس اس کو میرے لئے آسان کردے اور میری جانب سے قبول کرلے اور اس میں میری مدد فرما۔

## حج کا پہلا دن (۸/ذی الحجہ)

★ فجر کے بعد غسل یا وضو کرکے احرام باندھیں ★ دو رکعت نفل نماز پڑھ کر حج کی نیت کرکے تین مرتبہ تلبیہ پڑھیں ★ مکہ سے منیٰ کو روانگی ★ ظہر، عصر، مغرب اور عشاء منیٰ میں پڑھنی ہے ★ رات منیٰ میں قیام کرنا ہے

# حج کا دوسرا دن (۹ ذی الحجہ)

★ فجر کی نماز منیٰ میں ادا کرنے کے بعد عرفات کو روانگی

★ آج سے ایام تشریق بھی شروع ہو گئے۔ لہٰذا فجر کی نماز کے فوراً بعد مرد بلند آواز سے اور عورتیں آہستہ آواز سے

تکبیر تشریق: اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ پڑھیں

تکبیر تشریق ۹ ذی الحجہ کی فجر سے ۱۳ ذی الحجہ کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنا واجب ہے۔

★ وقوف عرفات۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر کے بعد سے غروب تک مسلسل دعا میں مشغول تھے جتنا ہو سکے آپ بھی دعا، ذکر، تلاوت، درود شریف، استغفار اور عبادت میں مشغول رہیں۔ ★ ظہر اور عصر کی نماز عرفات میں پڑھنی ہے

عرفات میں افضل ترین دعاء چوتھا کلمہ ہے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ۚ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

★ مغرب کے وقت مغرب کی نماز پڑھے بغیر مزدلفہ کو روانگی

★ مغرب وعشاء کی نمازیں عشاء کے وقت مزدلفہ میں ادا کرنی ہیں ★ رات مزدلفہ میں قیام کرنا۔اور یہ رات شبِ قدر سے افضل اور زیادہ قابل قدر ہے اس لئے اس رات میں بھی دعا اور عبادت کی کوشش کرنی چاہیے۔

★ اور یہاں سے 70 چنے کے بقدر کنکریاں چن لینا ہے

## حج کا تیسرا دن (۱۰/ذی الحجہ)

★ مزدلفہ میں فجر کی نماز کے بعد منیٰ کو روانگی

★ پہلے جمرہ عقبہ (بڑے شیطان) کی رمی کرنا۔

رمی کا طریقہ: ۱۰/ذی الحجہ کو جمرہ عقبہ کو 7 کنکریاں مارنا ہے۔ کنکری شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے پکڑے اور ہر کنکری کے ساتھ یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ رَغْمًا لِلشَّیْطَانِ وَرِضًی لِلرَّحْمٰنِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب سے بڑا ہے۔میں کنکری مارتا ہوں شیطان کو ذلیل کرنے اور رحمٰن کو راضی کرنے کیلئے کہہ کر اس ستون کو مارے، ستون کو کنکری لگنا

ضروری نہیں ہے صرف حلقہ میں گر جائے تب بھی کافی ہے۔

★ پھر سر کے بال منڈوانا یا کتروانا اس کے بعد غسل کر کے عام کپڑے پہن لیں

★ پھر طواف زیارت کیلئے مکہ مکرمہ جانا ہے

★ رات منیٰ میں قیام ۔ پہلے تین میں ترتیب واجب ہے

(۱) رمی (۲) قربانی (۳) حلق ۔ ترتیب اُلٹ گئی تو دم واجب ہوگا۔ طواف زیارت ۱۰/ ذی الحجہ کی صبح سے ۱۲/ ذی الحجہ کی مغرب تک کبھی بھی کر سکتے ہیں۔

## حج کا چوتھا دن (۱۱/ ذی الحجہ)

★ آج کا کام زوال کے بعد تینوں جمرات (شیطانوں) کو سات سات کنکریاں مارنا ہے۔ پہلے جمرہ اولیٰ پھر جمرہ وسطی کو کنکریاں مارنے کے بعد قبلہ رو ہو کر ہاتھ اُٹھا کر دعا کرنا۔ جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارنے کے بعد دعا نہیں کرنا ہے ★ طواف زیارت اگر ۱۰/ ذی الحجہ کو نہیں کیا تو ۱۱/ ذی الحجہ کو کر لیں ★ رات منیٰ میں قیام

## حج کا پانچواں دن (۱۲ / ذی الحجہ)

★ منیٰ میں رمی کرنا زوال کے بعد سے ★ پہلے جمرہ اولیٰ کی ★ پھر جمرہ وسطی کی ★ پھر جمرہ عقبہ کی رمی کرنا ہے

★ طواف زیارت اگر نہیں کیا تو آج مغرب سے پہلے ضرور کرلیں۔ (اب آپ کا حج مکمل ہوگیا)

اب آپ کا طواف وداع باقی ہے مکہ مکرمہ چھوڑنے سے پہلے کبھی بھی کرلیں

# حج کی ضروری دعائیں

## حج کی نیت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْحَجَّ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ

تلبیہ: نیت کرتے ہی تین بار لبیک کہیں

لَبَّیْكَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ، لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ،

حجر اسود کی طرف اشارہ کی دعا: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ

## زم زم پینے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا
وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ

## میلین اخضرین کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ

رمی کی دعا: بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ رَغْمًا
لِلشَّیْطَانِ وَرِضًی لِلرَّحْمٰنِ

## دورانِ طواف کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا کَامِلًا وَّیَقِیْنًا صَادِقًا
وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّقَلْبًا خَاشِعًا وَّلِسَانًا ذَاکِرًا
وَّرِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَتَوْبَةً قَبْلَ الْمَوْتِ وَرَاحَةً
عِنْدَ الْمَوْتِ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ
عِنْدَ الْحِسَابِ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ
بِرَحْمَتِكَ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا
وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ اور ہر چکر کے ختم پر

یہ پڑھیں اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

میدان عرفات کی دعا: چوتھا کلمہ کثرت سے پڑھیں

## حج افراد کے افعال

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | احرام | شرط |
| ۲ | طواف قدوم مع رمل | سنت |
| ۳ | سعی بین الصفا والمروۃ | واجب |
| ۴ | وقوف عرفہ | رکن |
| ۵ | وقوف مزدلفہ | واجب |
| ۶ | یوم النحر میں جمرہ عقبہ کی رمی | واجب |
| ۷ | سر منڈانا | واجب |
| ۸ | طواف زیارت | رکن |
| ۹ | 11 ویں و 12 ویں کی رمی جمار | واجب |
| ۱۰ | منیٰ میں رات گذارنا | سنت |
| ۱۱ | طواف وداع | واجب |

# حج تمتع کے افعال

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | عمرہ کا احرام | شرط |
| ۲ | عمرہ کا طواف | رکن |
| ۳ | طواف عمرہ میں رمل | سنت |
| ۴ | عمرہ کی سعی | واجب |
| ۵ | ارکان عمرہ کے بعد سر منڈانا | واجب |
| ۶ | ۸ رذی الحجہ کو حج کا احرام باندھنا | شرط |
| ۷ | وقوف عرفہ | رکن |
| ۸ | وقوف مزدلفہ | واجب |
| ۹ | یوم النحر میں جمرہ عقبہ کی رمی | واجب |
| ۱۰ | قربانی | واجب |
| ۱۱ | سر منڈانا | واجب |
| ۱۲ | جمرہ عقبہ کی رمی، قربانی، حلق میں ترتیب | واجب |
| ۱۳ | طواف زیارت | رکن |
| ۱۴ | 11 ویں و 12 ویں کی رمی جمار | واجب |
| ۱۵ | منیٰ میں رات گذارنا | سنت |
| ۱۶ | طواف وداع | واجب |

# حج قران کے افعال

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | حج اور عمرہ دونوں کا احرام | شرط |
| ۲ | طواف عمرہ | رکن |
| ۳ | طواف عمرہ میں رمل | سنت |
| ۴ | عمرہ کی سعی | واجب |
| ۵ | طواف قدوم مع رمل | سنت |
| ۶ | حج کی سعی | واجب |
| ۷ | وقوف عرفہ | رکن |
| ۸ | وقوف مزدلفہ | واجب |
| ۹ | یوم النحر میں جمرہ عقبہ کی رمی | واجب |
| ۱۰ | قربانی | واجب |
| ۱۱ | سرمنڈانا | واجب |
| ۱۲ | جمرہ عقبہ کی رمی، قربانی، حلق میں ترتیب | واجب |
| ۱۳ | طواف زیارت | رکن |
| ۱۴ | 11 ویں و 12 ویں کی رمی جمار | واجب |
| ۱۵ | منیٰ میں رات گذارنا | سنت |
| ۱۶ | طواف وداع | واجب |

# حج کے پانچ دنوں میں ۹ کام کرنے ہیں

| | |
|---|---|
| 1) نیت تلبیہ کے ساتھ احرام | فرض |
| 2) ۹/ ذی الحجہ کو زوال سے | فرض |
| ۱۰/ ذی الحجہ کی صبح تک وقوف (عرفات میں تھوڑی دیر ٹھرنا) | |
| 3) طواف زیارت | فرض |
| 4) مزدلفہ میں وقوف (ٹھرنا) | واجب |
| 5) صفا مروہ کے درمیان سعی | واجب |
| 6) شیطانوں کو کنکریاں مارنا | واجب |
| 7) قربانی کرنا | واجب |
| 8) سر کے بال منڈوانا یا کتروانا | واجب |
| 9) طواف وداع | واجب |


## ادارہ انوار المدارس ٹرسٹ

Rgd.No.278/12

قرآن و حدیث کے ذریعہ مختلف جہات سے قوم و ملت کی خدمت کرنے والے اس بافیض ادارہ کیلئے مسجد و مدرسہ کیلئے سنتوش نگر کالونی میں مکان خریدا گیا ہے اہل خیر حضرات سے مصلّیٰ، گز، فٹ کے اعتبار سے زیادہ سے زیادہ تعاون کی اپیل ہے

**Idara-E-Anwarul Madaris Charitable Trust, Hyd.**

SBI Edi Bazar Branch, A/c No.20150865928

IFSC Code:SBIN0008026

09440856251 - 09247886910

e-mail : anwarulmadaris@gmail.com